فوری ریلیز کے لیے: 2023/7/2 گورنر ***KATHY HOCHUL***

## ***گورنر HOCHUL نے بالائی ریاست نیویارک کی سیمی کنڈکٹر بنانے کی صنعت کو مضبوط بنانے کے لیے اقتصادی ترقی کے ایوارڈز کا اعلان کیا ہے***

***نیویارک بجلی کی اتھارٹی نے Edwards کے لیے ایوارڈز کی منظوری دی ہے، جو سیمی کنڈکٹر کی صنعت میں ویکیوم اور ابیٹمنٹ کے سامان میں عالمی رہنما ہیں، 212$ ملین کی سرمایہ کاریوں میں اضافہ اور 340 سے زیادہ ملازمتیں پیدا کر رہے ہیں***

***فرم کی توسیع سے سیمی کنڈکٹر کی صنعتکاری کے عمل کا اہم جزو، بالائی ریاست نیویارک میں متعارف کروایا گیا ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ نیویارک بجلی کی اتھارٹی کے بورڈ آف ٹرسٹیز نے Edwards کے لیے اقتصادی ترقی کے ایوارڈز کی منظوری دی ہے—جو سیمی کنڈکٹر انڈسٹری میں ویکیوم اور ابیٹمنٹ کے سازوسامان میں برطانیہ میں قائم شدہ عالمی رہنما اور Atlas Copco گروپ کا حصہ ہے— جو 319$ ملین کے مجموعی پراجیکٹ کے پہلے مرحلے کے طور پر، اور 343 ملازمتیں پیدا کرتے ہوئے، بڑی سرمایہ کاریوں کی مد میں 212$ ملین سے زیادہ کا اضافہ کریں گے۔ گورنر Hochul نے پہلے نومبر 2022 میں جینسی کاؤنٹی میں مغربی نیویارک سائنس اور ٹیکنالوجی کے ایڈوانسڈ صنعتکاری پارک میں ایک نئی سہولت گاہ تعمیر کرنے کے لیے فرم کے فیصلے کا اعلان کیا تھا۔

"اعلی درجے کی صنعتکاری کے لیے ایک عالمی مرکز کے طور پر نیویارک کے ابھرنے کا عمل ایک بے مثال، تبدیلی والی سرمایہ کاری کو تحریک دے رہا ہے جو نیویارک کی باصلاحیت افرادی قوت کو کل کی ملازمتیں فراہم کرے گا۔" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ان فرمز کو اپنی ترقی کے لیے درکار ٹولز اور مدد فراہم کرتے ہوئے، نیویارک اپنی جدت طرازی کی میراث کو آگے بڑھا رہا ہے اور خود کو سیمی کنڈکٹر صنعت میں ایک رہنما کے طور پر مستحکم کر رہا ہے۔"

**نیویارک بجلی کی اتھارٹی کے قائم مقام صدر اور CEO Justin E. Driscoll نے کہا،** "نیویارک کی بڑھتی ہوئی سیمی کنڈکٹر کی صنعت کے لیے سپلائی چین کے اہم شراکت داروں کو حاصل کرتے ہوئے اس بات کو یقینی بنانے میں مدد ملتی ہے کہ جدید ترین ٹیکنالوجیز یہیں نیویارک میں تیار کی جائیں گی۔ NYPA ہائیڈرو پاور رہنما صنعتکاروں کو ہماری ریاست کی طرف راغب کرنے میں ایک اہم کردار ادا کرتی ہے اور اچھی تنخواہ والی ملازمتیں تخلیق کرتے ہوئے بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کو محفوظ بنانے میں مدد کرتی ہے۔"

**امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "ریاست نیویارک میں ایک مضبوط تر ماحولیاتی نظام کی تعمیر میں سیمی کنڈکٹر صنعت میں سپلائی چین کے شراکت داروں کو متوجہ کرنا کلیدی حیثیت رکھتا ہے اور ہمیں NYPA اور دیگر ریاستی ایجنسیوں کے ساتھ شراکت داری پر خوشی ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ اس صنعت کے لیے اور اس کے ہمراہ آنے والی بہت سی اچھی ملازمتوں کے لیے ریاست نیویارک سرفہرست مقام ہے۔"

**نیویارک بجلی کی اتھارٹی کے چیئرمین، John R. Koelmel نے کہا،** "آج کی میٹنگ میں منظور کیے گئے اقتصادی ترقی کے ایوارڈز، نیویارک کے پُرجوش موسمیاتی ایکٹ کے اہداف کو آگے بڑھائیں گے اور سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرنگ میں عالمی رہنما کے طور پر ریاست کی پوزیشن کو مضبوط کریں گے۔ نیاگرا پاور پراجیکٹ، مغربی نیویارک کی لاکھوں ملازمتوں سے منسلک ہے اور صاف توانائی کی معیشت میں نیویارک کی منتقلی کو تقویت دے رہا ہے۔"

آج کی میٹنگ میں، نیویارک پاور اتھارٹی (New York Power Authority، NYPA) بورڈ نے سائنس اور ٹیکنالوجی ایڈوانسڈ صنعتکاری پارک (Science & Technology Advanced Manufacturing Park، STAMP) کے مقام پر فرم کی ڈرائی ویکیوم پمپ صنعتکاری کی سہولت گاہ کی تعمیر کی معاونت کے لیے Edwards کو 4.9-میگا واٹ (MW) والے کم لاگت نیاگرا ہائیڈرو پاور کے لیے فنڈ مختص کرنے کی منظوری دی ہے۔ مزید برآں، NYPA بورڈ نے 2.1 MW ہائی لوڈ فیکٹر پاور کی منظوری دی جسے NYPA توانائی کی مارکیٹ میں Edwards کے لیے حاصل کرے گا۔

کم لاگت والی نیاگرا پن بجلی، چوٹوقوا کاؤنٹی میں پاور اتھارٹی کے نیاگرا پاور پروجیکٹ کے 30 میل کے دائرے میں موجود کمپنیز یا کاروباری اداروں کے لیے دستیاب ہے۔ نیاگرا ہائیڈرو پاور خطے میں لاکھوں موجودہ ملازمتوں سے منسلک ہے۔

Edwards تیاری کر رہا ہے کہ 240,000 مربع فٹ کا ایک کیمپس بنایا جائے جس میں STAMP کے مقام پر صنعتکاری، گودام اور انتظامیہ شامل ہو گی۔ سیمی کنڈکٹر صنعت کاری کے عمل میں خشک ویکیوم پمپ ایک اہم جزو ہیں، اور فرم کی توسیع سے ریاست ہائے متحدہ میں آپریشن کو بڑھانے والی سیمی کنڈکٹر کمپنیوں کی براہ راست معاونت ہو گی۔

امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ (Empire State Development، ESD) نے کارکردگی پر مبنی جامع و ارفع ملازمتوں کے ٹیکس کریڈٹس، سرمایہ کاری ٹیکس کریڈٹس کے مجموعے میں 21$ ملین تک کی اور 600 کل وقتی نئی ملازمتوں کے بدلے افرادی قوت کی ترقی اور متنوع اور جامع افرادی قوت کی تربیت کے لیے اضافی 1$ ملین کی پیشکش کی ہے۔

**سینیٹ کے اکثریتی لیڈر Charles Schumer نے کہا،** "آج کا اعلان Edwards ویکیوم کے لیے ایک اور اہم قدم ہے جو بالائی ریاست نیویارک میں 300$ ملین سے زیادہ کی سرمایہ کاری کر رہے ہیں، جس کے نتیجے میں جینسی کاؤنٹی کو اچھی تنخواہ والی 600 نوکریوں کے ساتھ طاقت مل رہی ہے۔ وسطی NY میں Micron کی اہم سرمایہ کاری اور مارسی میں Wolfspeed کی نئی فیب سے لے کر، ہڈسن ویلی میں جلد آغاز کی جانے والی Onsemi اور دارالحکومتی علاقے میں GlobalFoundries کی جانب سے تعمیر کی جانے والی نئی فیب تک، اور اب Edward کی جانب سے مغربی نیویارک کی STAMP سائٹ پر ہماری سیمی کنڈکٹر سپلائی چین کو سُپرچارج کیے جانے سے، my CHIPS اور سائنس ایکٹ بالائی ریاست کے لیے بڑے پیمانے پر ترسیلات کر رہے ہیں اور نیویارک کو چپ کی صنعت کے لیے ایک عالمی مرکز بنا رہے ہیں۔ مجھے اس بات پر فخر محسوس ہوا کہ Edwards Vacuum نے اپنا نیا پلانٹ لگانے کے لیے STAMP کو منتخب کیا ہے، اور مجھے خوشی ہے کہ انھوں نے میری تجویز پر توجہ فرمائی، اور یہ کہ گورنر کا آج کا اعلان ہمیں اس سرمایہ کاری کو پورا کرنے کے ایک قدم اور قریب لے آئے گا۔"

**نمائندہ Joe Morelle نے کہا،** "ہماری سیمی کنڈکٹر چپ سپلائی چین کو مقامی طور پر مضبوط کرنے کا مطلب یہ ہے کہ نہ صرف مزید ملازمتیں میسر ہوں گی، بلکہ ہماری مینوفیکچرنگ صنعت بھی بحال ہو جائے گی۔ میں گورنر Hochul کے عزم کو سراہتا ہوں کہ وہ مقامی جدت طرازی میں ہدف شدہ سرمایہ کاری کرتے ہوئے ایک مضبوط علاقائی معیشت کو یقینی بنا رہی ہیں۔"

**نیویارک کی ترقی کرتی ہوئی سیمی کنڈکٹر کی صنعت**

گورنر Hochul نے GO SEMI کے لیے 45$ ملین کا اعلان بھی کیا ہے، جس کا اعلان سن 2023 کے سالانہ ریاستی خطاب کے جزو کے طور پر کیا گیا تھا، Micron کے اس تاریخی اعلان کے بعد کہ وہ کلے (Clay) میں دنیا کی سب سے بڑی میموری مینوفیکچرنگ سہولت گاہ کی تعمیر کے لیے 100$ بلین کی سرمایہ کاری کریں گے، جو اونونڈاگا کاؤنٹی، نیویارک میں واقع ہے۔ اس سرمایہ کاری سے وسطی نیو یارک کے علاقے میں 50,000 ملازمتیں آنے کا تخمینہ لگایا گیا ہے اور یہ وفاقی CHIPS اینڈ سائنس ایکٹ اور نیو یارک کی Green CHIPS قانون سازی سے ممکن ہوا ہے، جس پر گورنر نے سنہ 2022 میں دستخط کیے تھے۔ نئے دفتر کی قیادت ایمپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کرے گی اور اس کا عملہ ڈیپارٹمنٹ آف سٹیٹ، ریاست نیو یارک کے محکمۂ تحقیق و تیاریٔ توانائی، محکمۂ محنت، محکمۂ ٹرانسپورٹیشن، محکمہ تحفظ ماحولیات، NY CREATES، نیویارک پاور اتھارٹی، آفس آف ہومز اینڈ کمیونٹی رینیوول اور سٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک کے ماہرین پر مشتمل گا۔ GO SEMI اس Micron پروجیکٹ کو نافذ کرنے کی کوششوں کی قیادت کرکے انہیں مرکزی حیثیت دے گا؛ سیمی کنڈکٹر انڈسٹری اور اس کی سپلائی چین کو اپنی جانب راغب کرنے کے لئے پالیسیاں تیار کرکے انہیں آگے بڑھائے گا؛ مقامی، ریاستی، وفاقی اور نجی شراکت داروں کے درمیان افرادی قوت کی ترقی اور کمیونٹی سرمایہ کاری کو مربوط کرے گا؛ انتہائی ہنر مند افرادی قوت پیدا کرنے، انہیں راغب کرنے، اور انہیں برقرار رکھنے کی کوششوں کی قیادت کرے گا؛ اور سمارٹ ترقی کے اصولوں پر توجہ مرکوز کرنے والی ہم آہنگ ترقی کی حمایت و معاونت کرے گا۔

**ریاست نیویارک کا پورے ملک کی قیادت کرنے والا ماحولیاتی منصوبہ**

ریاست نیویارک کا قومی سطح کا ماحولیاتی ایجنڈا ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کرتا ہے جو خاندانوں کے لیے پائیداری والی ملازمتیں پیدا کرتا ہے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دیتا ہے اور اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ 40 فیصد کے ہدف کے ساتھ، صاف ستھری توانائی کی سرمایہ کاری کے فوائد کا، کم از کم 35 فیصد حصہ، پسمانده کمیونٹیز کو دیا جائے۔ ملک کے کچھ انتہائی جارحانہ موسمیاتی اور صاف توانائی کی پہل کاریوں کی رہنمائی میں، نیویارک سنہ 2040 تک کاربن کے صفر کے اخراج والے بجلی کے شعبے کو حاصل کرنے کی راہ پر گامزن ہے، جس میں سنہ 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار، اور وسط صدی تک معیشت میں کاربن سے چھٹکارا شامل ہے۔ اس منتقلی کا ایک سنگِ بنیاد نیو یارک کی صاف توانائی پر بیمثال سرمایہ کاری ہے، بشمول ریاست بھر میں 120 بڑے پیمانے پر قابلِ تجدید اور ترسیلی منصوبوں میں 35$ بلین سے زیادہ، عمارتوں کے اخراج کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کو بڑھانے کے لیے 1.8$ بلین سے زیادہ، صاف نقل و حمل کی پہل کاریوں، اور NY گرین بینک کے وعدوں میں 1.8$ بلین سے زیادہ۔ یہ اور دیگر سرمایہ کاریاں 2021 میں نیویارک کے صاف توانائی کے شعبے میں 165,000 سے زیادہ ملازمتوں اور 2011 سے تقسیم شدہ سولر سیکٹر میں 2,100 فیصد اضافے میں معاونت کر رہی ہیں۔ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیو یارک نے کاربن کے صفر اخراج والی گاڑیوں کے ضوابط کو بھی اپنایا ہے، بشمول سنہ 2035 تک ریاست میں فروخت ہونے والی تمام نئی مسافر کاروں اور ٹرکوں کا اخراج صفر ہونا چاہیے۔ تقریباً 400 رجسٹر شدہ اور 100 سندیافتہ کلائمیٹ سمارٹ کمیونٹیز، تقریباً 500 صاف ستھری توانائی والی کمیونٹیز، اور ریاست بھر میں 10 پسمانده کمیونٹیز میں ریاست کے سب سے بڑے کمیونٹی ایئر مانیٹرنگ اقدام کے ساتھ نیویارک کی ماحولیاتی کارروائی کو آگے بڑھانے کے لیے شراکت داریاں جاری ہیں تاکہ فضائی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے میں مدد مل سکے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418